# عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی کی ریسرچ لائبریری کا تعارف و خدمات





پیشکش: شعبہ دعوتِ اسلامی کے شب و روز

# کتاب پڑھنے کی دعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دعا پڑھ لیجئے
ان شاء اللہ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ
عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

(مستطرف، ج 1، ص40 دارالفکر بیروت)

(اول آخر ایک بار درود شریف پڑھ لیجئے)


نام رسالہ : عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی کی ریسرچ لائبریری کا تعارف وخدمات
مصنف : مولانا تصور رضا عطاری مدنی
صفحات : 25
اشاعتِ اول : (آن لائن): ربیع الآخر ۱۴۴۴ھ، نومبر 2022ء
پیشکش : دعوت اسلامی کے شب وروز، المدینۃ العلمیہ (اسلامک ریسرچ سینٹر دعوتِ اسلامی)



shaboroz@dawateislami.net



دعوت اسلامی کے شب و روز
For More Updates
news.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

## دس رحمتیں نازل ہوں گی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا یعنی جو مجھ پر ایک بار دُرُود پڑھے، اللہ پاک اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔

(مسلم، ص172، حدیث:912)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب　　　صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کراچی کی ریسرچ لائبریری کا تعارف و خدمات

اللہ پاک کی عطا کردہ نعمتوں کا شمار ممکن نہیں، پس بندے پر لازم ہے کہ اپنے کریم رب عزوجل کا ہر وقت، ہر لحہ شکر ادا کرتا رہے اور "**لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّكُمْ**" کے انعامات سے حصہ پاتا رہے۔ ربِ کریم عزوجل نے ادائیگیِ شکر کے لیے انسان کو ایک اہم نعمت ذہنی استعداد و بصیرت بھی عطا فرمائی ہے جس کے ذریعے انسان معرفتِ ربی حاصل کرکے ربِ کریم عزوجل کے فرمان: "**وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ**" پر احسن طریقے سے عمل کر سکتا ہے چنانچہ اس ضمن میں انسان اس بات کا سزاوار ہے کہ ربِ کریم عزوجل کے کلام اور محبوبِ ربِ کریم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے اقوال وافعال پر خوب غور و فکر کرے اور اس میں پوشیدہ حکمتیں جانے اور قلوب واذہان کو منور کرے لیکن یہ سب بغیر مطالعہ و علم دوستی کے ممکن نہیں، کتب بنی انسان کی زندگی میں غیر معمولی تبدیلی پیدا کرتی ہے، کتاب دوست معاشرے میں اپنا الگ مقام رکھتے ہیں، اپنے حلقے میں ہر دل عزیز ہوتے ہیں، آج



www.dawateislami.net

بھی جو افراد اپنا رشتہ مطالعے سے بنائے ہوئے ہیں۔وہ معاشرے میں نمایاں اہمیت کے حامل دکھائی دیتے ہیں۔تاریخ بھی شاہد ہے کہ جس جس نے کتب بینی کو اپنامشغلہ بنایااور نفع بخش وصحت مند معلومات کے لیے عرق ریزی کی آج وہ تابندہ وجاوید اں ہیں انہی شائقینِ مطالعہ میں سے ایک نمایاں نام امیر اہلسنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ کا بھی ہے۔آپ نے مطالعے کو اپنی غذا بنا رکھا ہے، آپ کا اوڑھنا بچھونا کتب بینی ہے، آپ کی علم دوستی کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے آپ نے اپنے وسیع مطالعے کی برکت سے 150 سے زائد کتب ورسائل تصنیف فرمائے اور کتب بینی کرنے والے شائقین مطالعہ کے لیے 2001ء میں مدنی علمائے کرام پر مشتمل تصنیف و تالیف اور تراجم و تحقیق کے لیے اسلامک ریسرچ سینٹر "المدینۃ العلمیۃ" قائم فرمایا۔

## اسلامک ریسرچ سینٹر "المدینۃ العلمیۃ" کی خدمات پر ایک نظر

اسلامک ریسرچ سینٹر "**المدینۃ العلمیۃ**" دعوتِ اسلامی کا ایک ایسا علمی و تحقیقی شعبہ ہے جہاں بیک وقت 135 سے زائد مدنی علمائے کرام (Islamic Scholars) اہم ترین اسلامی موضوعات پر موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق کالمز، آرٹیکلز، اسکرپٹس، فیچرز اور کتب ورسائل لکھنے میں مصروف رہتے ہیں۔

امیر اہل سنّت، بانی دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ کا نیکی کی دعوت، اِحیائے سنّت اور اِشاعتِ علمِ شریعت کا عزم پیشِ نظر رکھتے ہوئے یہ ادارہ ابتداءً چھ 6 شعبہ جات میں تقسیم کیا گیا، پھر ان میں بتدریج اضافہ ہوتا رہا اور الحمد اللہ آج 2022ء تک "**المدینۃ العلمیۃ**" کے **23 ذیلی شعبہ جات** قائم کئے جاچکے ہیں۔

"**المدینۃ العلمیۃ**" کم و بیش 22 سال سے تصنیف و تالیف اور تراجم و تحقیق کے

میدان میں اپنی خدمات سر انجام دے رہا ہے۔اس کی کراچی کے علاوہ ایک برانچ مدنی مرکز فیضانِ مدینہ، مدینہ ٹاؤن فیصل آباد، پنجاب میں بھی قائم ہے۔

تادمِ تحریر (نومبر2022ء) تک اسلامک ریسرچ سینٹر المدینۃ العلمیۃ سے جو کتب و رسائل فائنل ہوئے ان کی تعداد **1400** سے زائد ہے جن کے کُل صفحات پونے دولاکھ **1،75000** سے زائد ہیں۔جو کہ دو صورتوں میں دستیاب ہیں۔ تقریباً**600** سے زائد کتب ورسائل PDF کی صورت میں ویب ایڈیشن ہیں اور**790** کتب ورسائل ہارڈ کاپی کی صورت میں شائع ہوچکے ہیں۔اسلامک ریسرچ سینٹر "المدینۃ العلمیۃ" کے کام درج ذیل ہیں:

- اسلامک لٹریچر، بیانات اور لیکچرز کی فراہمی
- اہم اسلامی موضوعات پر ریسرچ
- مدارس کی نصابی کتب پر جدید ورک
- زندگی کے اہم شعبوں سے متعلق راہنما لٹریچر
- اسلامک ریسرچ سینٹر "المدینۃ العلمیۃ"علومِ قرآن، تفسیر واصول تفسیر، حدیث و اصول حدیث، فقہ واصول فقہ، عقائد و معمولاتِ اہلسنت، سیرت النبی وفضائل و مناقب، سیرتِ صحابہ واہل بیت، سیرت صحابیات وصالحات، سیرت اولیاو علما، تصوف و روحانیت، اخلاقیات، تعلیماتِ اسلام، درسی علوم وفنون، نعتیہ دیوان، اسلامی تاریخ، اسلامک کلچر، بچوں کی کہانیوں پر مشتمل کتابیں اور اسکول و کالجز کے لئے قرآنیات کا نصاب فراہم کرچکا ہے۔

## اسلامک ریسرچ سینٹر "المدینۃ العلمیۃ" کی ہر کتاب اِن مراحل سے گزرتی ہے

ریسرچ کے مراحل: •کام کی پلاننگ •ٹاپک پر ریسرچ •بنیادی خاکے کی تیاری •سرچنگ سافٹ ویئرز کا استعمال •مواد (Content) جمع کرنا •قدیم کتابوں سے استفادہ



www.dawateislami.net

**تحریر و ترتیب کے مراحل:** • مواد (Content) کی ترتیب • عنوانات اور ابواب کے تحت تقسیم • مضامینِ قرآن وحدیث کا اضافہ • قرآن وحدیث کی آسان تفہیم • حذف و اضافہ • مفید معلومات سے مزین کرنا

**تخریج و تسہیل کے مراحل:** • نقل شدہ عبارات کا ریفرنس • تحریر کو سلیس اور آسان بنانا • مشکل الفاظ پر اعراب لگانا • آیات کے مطالب: تفاسیر سے حل کرنا • فقہی مسائل کی وضاحت کرنا • زبان وبیان کے قواعد کا خاطر خواہ لحاظ

**فائنل مراحل:** • نقل شدہ عبارات کا تقابل • پروف ریڈنگ • مضامین و ماخذ کی فہرستیں • مکمل کتاب پر نظر ثانی • مکمل کتاب کی شرعی تفتیش • فارمیشن، ڈیزائننگ

اِن مراحل کے پورا ہونے کے بعد ہمارے ادارے کی کتب جب منظر عام پر آتی ہیں تو وہ عوام وخواص میں بہت مقبول ہوتی ہیں اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ پچھلے پانچ سالوں (2017ء تا 2022ء) میں ہمارے اس ادارے کی 5 کروڑ 53 لاکھ سے زائد (More than 55.3 Million) کتب فروخت ہوئیں جبکہ دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ کے ذریعے اِن کُتُب کو ڈاؤن لوڈ کرنے والوں کی تعداد 90 لاکھ سے زائد ہے۔

اسلامک ریسرچ سینٹر "المدینۃ العلمیۃ" کی اِن تمام خدمات کو پورا کرنے کے لیے لائبریری کا اہم کردار ہے کیونکہ المدینۃ العلمیۃ ایک تحقیقی ادارہ ہے اور ڈاکٹر عبد القدیر خان لکھتے ہیں کہ لائبریری کی حقیقت کسی بھی تحقیقی ادارے میں بالکل اسی طرح ہے جس طرح جسم میں دماغ کی ہے۔

ذیل میں اسلامک ریسرچ سینٹر "المدینۃ العلمیۃ" میں قائم ریسرچ لائبریری کا تعارف اور اس کی خدمات کا جائزہ پیشِ خدمت ہے:



www.dawateislami.net

## لائبریری کا تعارف و خدمات

عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی میں قائم شعبہ المدینۃ العلمیۃ میں ریسرچ اسکالرز اور شائقینِ مطالعہ کے استفادہ کے لیے ایک شاندار اور وسیع لائبریری قائم ہے جس میں 14000 سے زائد کتب ورسائل، اور سینکڑوں مخطوطہ جات کا نادر و نایاب ذخیرہ موجود ہے۔ اس کے علاوہ سینکڑوں رسائل وجرائد (ماہنامے) بھی اس لائبریری کی زینت ہیں اس حوالہ جاتی اور تحقیقی مواد پر مشتمل کتب خانے میں درس نظامی، ایم۔فل اورڈاکٹریٹ کی سطح کی تحقیق کرنے والے طلبہ کے لیے مفید علمی مصادر وماٰخذ دستیاب ہیں جس سے اسلامک ریسرچ سینٹر المدینۃ العلمیۃ کے 135 علمائے کرام استفادہ کرتے ہیں یہ لائبریری ایک طرح سے المدینۃ العلمیۃ میں لکھی جانے والی کتب کا "ماٰخذ ومراجع" ہے۔ایک اندازے کے مطابق اس لائبریری میں موجود کتب کی مالیت تقریباً 2 کروڑروپے سے زائد ہے۔

عالم عرب اور دنیائے مغرب میں اسلام پر شائع ہونے والی تصانیف اور تحقیقی مواد کو اس لائبریری کے لیے حاصل کرنے کی سعی کی جاتی ہے جس میں مکتبۃ المدینہ العربیہ دعوت اسلامی کا بھی اہم کردار ہے۔ فیضانِ مدینہ کراچی میں ہونے والے فکری وسنجیدہ تحقیقی کام کی وجہ سے یہ حوالہ جاتی لائبریری منفرد علمی و تحقیقی مقام کی حامل ہے بلکہ قومی سطح کے چند فعال تحقیقی اداروں میں بھی اس کا شمار کیا جاسکتا ہے۔ بایں وجہ اس میں کیے جانے والے تحقیقی کام کا معیار الحمدللہ بین الاقوامی سطح کے معیار سے کسی طرح بھی کم نہیں۔

## لائبریری کی خصوصیات و سہولیات

☆۔ اس لائبریری کی ایک بڑی خصوصیت یہ بھی ہے کہ شیخ طریقت امیر اہلسنت بانیٔ دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے زیر مطالعہ



www.dawateislami.net

رہنے والی نادر و نایاب ذاتی کتب کی ایک تعداد اس لائبریری کی زینت بن چکی ہے جو کہ آپ دامت برکاتہم العالیہ کی طرف سے لائبریری کے لیے وقف کی گئی ہیں۔ یہ کتب تشنگانِ علم کے لیے علمی و ادبی اثاثہ ہیں۔

☆۔ اسلامک انسٹیٹیوٹ فیضان مدینہ کراچی میں قائم اس لائبریری میں تاریخ مدینہ و دمشق لابنِ عساکر (جو کہ 80 جلدوں پر مشتمل ہے) اور مسند احمد بن حنبل (کا تحقیقی نسخہ جو کہ 52 جلدوں پر مشتمل ہے) جیسی بڑی بڑی عربی کتب کے ساتھ ساتھ مختلف موضوعات پر مشتمل فارسی کتب کا علمی و ادبی اثاثہ اور نادر و حوالہ جاتی کتب بھی موجود ہیں۔

## لائبریری میں موجود کتب کے موضوعات

اس لائبریری میں تفاسیر و اصول تفسیر، قرآنیات ،علوم قرآن، حدیث و اصولِ حدیث، شروحاتِ حدیث و علوم حدیث، فقہ و اصولِ فقہ عربی اردو فتاوی جات، مذاہب اربعہ، سیرۃ النبی (فضائل، مناقب، فضائلِ درود شریف و متعلقاتِ سیرت) تصوف (متعلقاتِ تصوف، اسلامی اخلاق و آداب، نصیحت آموز حکایات) علم کلام (عقائد و متعلقاتِ عقائد) تاریخ اسلام و تاریخ پاکستان، سوانح نگاری (تذکرۂ بزرگان دین، سیرت اہلبیت عظام، سیرت صحابہ کرام و تابعین کرام، سیرت آئمہ مجتہدین، سیرت اولیائے عظام، سیرت محدثین عظام، سیرت علمائے کرام، تذکرۂ مصنفین، مؤلفین، محققین، سوانح شخصیات، سیرت صحابیات، سیرت خواتین اسلام) اعلام (اسماءُ الرجال، تراجم علماو مشاہیر، طبقات، کتب البلدان، تاریخ بلاد، مشہور مقامات) اسلامی قوانین حدود و تعزیرات، علمی مقالات، تقابل ادیان و مذاہب، قدیم طب و طب نبوی، فہارس مکتوبات، لغات (عربی، فارسی، اردو، انگریزی، سندھی، پشتو، ہزارہ، ہندی، لغاتِ احادیث، مترادفات) درسی علوم و فنون (مثلاً، صرف، نحو، بلاغت، منطق، فلسفہ) دیوان (مختلف کلام مثلاً، حمد،

نعت، مناقب،اور نعتیہ کلام کی شروحات ومقالات،مثنویات) اردو ادب وعربی ادب جدید مسائل، بچوں کی تربیت پر مشتمل مواد اور عصرِ حاضر کے بہت سارے متفرق موضوعات پر مبنی کتب ورسائل کے علمی ذخائر موجود ہیں۔

☆۔اس لائبریری میں تخریج (ریفرنس) کے لیے پاک وہند کے علاوہ بیروت لبنان، شام، دمشق، ریاض، قاہرہ مصر،اردن، عراق، عرب امارات وغیرہ کی طبع شدہ کتابیں موجود ہیں۔ مارکیٹ میں آنے والی نئی کتب ہر مہینے ضرورت کے مطابق خریدی جاتی ہیں جن سے وقتاً فوقتاً لائبریری میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

## درجہ بندی و کیٹلاگ سازی

درجہ بندی دراصل اُس علمی عمل کو کہتے ہیں جس کے تحت مختلف اقسام کی اجناس، اشیاء یا علوم میں امتیاز اور تفریق چند خصوصیات کی بنیاد پر کی جائے۔ عملِ درجہ بندی سے اشیاء یا علوم کی ماہیت یا حقیقت کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے جس کے باعث محقق مسائل کو آسانی کے ساتھ حل کر لیتا ہے۔اگر لائبریری میں درجہ بندی نہ کی جائے تو محققین کو آزمائش کا سامنا ہوتا ہے مثلاً مختلف اقوامِ عالم کے اقبال وزوال پر بحث کرنا تاریخ ہے اور وہ قوانین اخذ کرنا جو عروج وزوال کا سبب بنے وہ فلسفہ ہے۔اگر ان دونوں باتوں کو ایک ہی جگہ رکھ دیا جائے تو محقق کو دقت ہوگی لیکن اول کو تاریخ میں اور دوسرے کو فلسفہ میں رکھا جائے تو یہ درجہ بندی ہوگی جس کے باعث تاریخ اور فلسفہ کے طلبہ کو کوئی الجھن نہیں ہو گی۔ درجہ بندی کی ایک آسان تعریف یہ ہے کہ درجہ بندی اُس عمل کو کہا جاتا ہے جس کے تحت غیر ترتیب شدہ مواد کو اس کی باہمی مشترکہ خصوصیات کی بناء پر الگ الگ درجوں یا گروہوں میں ترتیب دیا جائے۔



www.dawateislami.net

لائبریری سائنس میں درجہ بندی کے مختلف طریقے رائج ہیں فیضان مدینہ کراچی کے شعبہ اسلامک ریسرچ سینٹر میں قائم لائبریری چونکہ اسلامک اور ریسرچ لائبریری ہے تو ریسرچ اسکالرز کے لیے جو بہتر اور آسان درجہ بندی کا طریقہ ہے اسکو اختیار کیا گیا ہے اور وہ ہے کتب کی مضمون کے اعتبار سے درجہ بندی۔ جس میں کتب کے مضمون یعنی موضوع کو پیش نظر رکھتے ہوئے درجہ بندی کی گئی ہے مثال کے طور پر کتبِ تفسیر و اصول تفسیر ایک سیکشن میں، کتبِ فقہ واصولِ فقہ الگ سیکشن میں، کتب حدیث و اصول حدیث الگ سیکشن میں، کتب سیرت الگ سیکشن میں، کتب عقائد الگ سیکشن میں، کتب تصوف الگ سیکشن میں۔ علیٰ ھذا القیاس۔ اس درجہ بندی کو لائبریری سائنس کی اصطلاح میں Subject Systematic(یعنی موضوع منطقی اعتبار سے) کہتے ہیں۔

## ضمنی عنوان کی درجہ بندی

جب ہم درجہ بندی موضوع منطقی اعتبار سے کرتے ہیں تو ہر موضوع کے سیکشن میں ضمنی عنوان بھی قائم کیے جاسکتے ہیں جیسا کہ ہم نے فیضان مدینہ کراچی کے اسلامک ریسرچ سینٹر کی لائبریری میں بعض مقامات پر اس کا لحاظ رکھا ہے مثلاً **سیرت و مناقب** کے سیکشن میں سیرت پر کتب الگ، معجزات النبی پر کتب، درود شریف کے فضائل پر کتب، میلاد شریف پر کتب اور معراج النبی پر کتب الگ الگ رکھی ہیں، اسی طرح **عقائد** کے سیکشن میں علمِ غیب، نور و بشر، ایصال ثواب اور توحید و رسالت پر کتب الگ الگ رکھنے کی کوشش کی ہے **تذکرۂ بزرگانِ دین** کے سیکشن میں اہلبیت کے تذکرے، صحابہ کرام کے تذکرے، تابعین کے تذکرے، آئمہ مجتہدین کے تذکرے، محدثین عظام کے تذکرے، اولیائے کرام کے تذکرے اور علمائے کرام کے تذکروں پر الگ الگ کتب رکھنے کی حتی الامکان



www.dawateislami.net

کوشش کی گئی ہے جس کا مقصد درج ذیل کاموں میں آسانی ہو:

- کتابوں کے حصول اور استعمال میں پوری سہولت ہو
- ایک مضمون کی تمام کتابیں ایک جگہ اکھٹی ہوں
- ایسے موضوع جن کا باہمی تعلق ہو مناسبت کے لحاظ سے قریب ہوں
- تلاشِ کتب میں وقت اور محنت کی بچت ہو
- ہر موضوع کے مجموعے کی کمی یا زیادتی معلوم ہو سکے
- کسی خاص مضمون کی فہرست کی تیاری میں مدد ملے
- کتابیں الماریوں سے نکالنے اور صحیح جگہ واپس رکھنے میں آسانی ہو

## درجہ بندی میں موضوع کی پہچان

لائبریری سائنس میں درجہ بندی کے کچھ اصول وضع کیے گئے ہیں اس میں سے یہ بھی ہے کہ موضوعات کی حتی الامکان جماعت بندی قدرتی ترتیب کے مطابق ہو، ہر فن کی پوری تفصیل ہو، ہر فن کے لیے نشان یا علامت ہو، سہولت کے لیے فہرست یا اشاریہ ہو، جب کسی مضمون کی درجہ بندی کی جائے، اس کو مختلف شاخوں یا درجوں میں تقسیم کیا جائے تو ہر مضمون، شاخ یا موضوع کا ایسا نام متعین کیا جائے جس کو لکھنے، بولنے اور یاد رکھنے میں سہولت ہو، ہم نے فیضان مدینہ کراچی کے اسلامک ریسرچ سینٹر کی لائبریری میں ان اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہر سیکشن میں موضوع کا ایک نام خاص کیا اور اس موضوع کا پہلا حرف مخفف یعنی Short form کے طور پر خاص کرکے کتب پر موضوع کی مناسبت سے سیریل نمبر لگائے ہوئے ہیں، ہر موضوع کے سیکشن میں کتب پر ایک ایسی پرچی چسپاں کی گئی ہے جس پر موضوع کے اعتبار سے مخفف اور اس کے نیچے سیریل نمبر دیا گیا ہے مثلاً



www.dawateislami.net

جو کتب تفسیر کے موضوع پر ہیں ان پر "ت" کتبِ حدیث پر "ح" کتبِ فقہ پر "ف" کتب سیرت پر "س" کتبِ عقائد پر "ع" کتب لغت پر "ل" وغیرہ مخفف کے طور پر لگا کر نیچے ہر موضوع کا الگ سیریل نمبر دیا گیا ہے ہر عنوان کی تفصیل (کہ اس عنوان کہ تحت کون کون سے موضوعات والی کتب ہیں) کا ایک کارڈ بنایا گیا ہے جس کو ہر موضوع کے سیکشن پر لگایا گیا ہے اور اس پر مخفف کی وضاحت بھی کی گئی ہے مثال کے طور پر تفسیر کے سیکشن پر لگے ہوئے موضوعاتی کارڈ پر یوں لکھا ہے ("ت" سے مراد تفسیر ہے اور اس کے تحت مندرجہ بالا موضوعات پر کتب ہیں۔ تفسیر، اصول تفسیر، قرآنیات، اسباب نزول، تجوید و قرأت، علوم قرآن اور متعلقات قرآن) اس موضوعاتی کارڈ کو پڑھنے کے بعد محقق مطلوبہ مواد کے سیکشن تک بآسانی پہنچ جاتا ہے۔

## درجہ بندی کے مراحل

درجہ بندی سے مراد اصل مواد اور اشیاء میں اس طور پر تفریق اور امتیاز کرنا تاکہ مشابہہ اور غیر مشابہہ چیزوں کو الگ الگ گروہوں میں تقسیم کیا جاسکے اس طریقۂ تقسیم یا ترتیب کا بنیادی مقصد یہ ہوتا ہے کہ تقسیم شدہ مواد کی شاخوں میں باہمی تعلق برقرار رہے اور خصوصیات کا بھی پتہ چلے۔ ہماری لائبریری میں جب کتب کی درجہ بندی اور نمبرنگ کی جاتی ہے تو اس کے درج ذیل مراحل ہیں۔

☆بغیر سیریل نمبر والی کتابوں کو جمع کرکے ان کے موضوع کا انتخاب کرنا۔

☆موضوع کے انتخاب کے لیے کتاب کی فہرست عنوانات کو پڑھنا دیباچہ یا تعارف، پیش لفظ یا مقدمہ پڑھنا اور کتاب کو چیدہ چیدہ مقامات سے سرسری مطالعہ کرنا، موضوع منتخب کرنے کے لیے ماہرین کی رائے لینا وغیرہ وغیرہ ☆ ملتے جلتے مواد والی کتابوں کو ترتیب کے ساتھ اکٹھا رکھنا☆ دورانِ ترتیب کتابوں کے سائز کو مدِ نظر رکھنا یعنی A4 سائز ایک ساتھ



www.dawateislami.net

اور A5 ایک ساتھ رکھنا، علیٰ ھذا القیاس ☆مصنف کے اعتبار سے کتابوں کی ترتیب لگانا ☆موضوع کی درجہ بندی کرنا ☆ٹیپ کے ساتھ سیریل نمبروالی پرچی کتاب پر لگانا ☆بغیر سیریل نمبروالی فہرست سے کتاب کا نام، مصنف، مترجم، مطبوعہ، سن اشاعت اور جلدوں کی تعداد کاپی کرکے مین فائل میں پیسٹ کرنا ☆کتابوں کی مین فائل میں انٹری کرکے پرچی کے مطابق مین فائل میں سیریل نمبر ڈالنا وغیرہ وغیرہ۔

## جدید انداز میں کیٹلاگ سازی

لفظِ کیٹلاگ سازی کے معنی گنتی شمار کرنے کے ہیں جبکہ لائبریری کیٹلاگ کتب خانہ کی باقاعدہ فہرست کو کہتے ہیں جو معیاری ضابطے کے مطابق تیار کی گئی ہو۔ کیٹلاگ کا مقصد لائبریری کی چابی کی حیثیت سے کام کرنا ہے۔ اگر کیٹلاگ کی اہمیت کی بات کی جائے تو یہ پورے کتب خانے کی کتابوں کی معلومات فراہم کرتا ہے۔ اور طلبِ نمبر کے ذریعے انکی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے کہ کتاب شیلف(Shelf) پر کس جگہ رکھی ہے۔ ہماری لائبریری میں موضوعی کیٹلاگ سازی جدید ذرائع یعنی کمپیوٹر کے ذریعے بھی کی گئی ہے کیونکہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے اس دور میں کتب خانوں میں کمپیوٹر کا ہونا ضروری ہے اس لیے کہ کیٹلاگ کتب خانے کے وسائل تک رسائی کا سب سے بڑا ذریعہ ہے گزشتہ چند سالوں میں کیٹلاگ سازی میں کمپیوٹر کے استعمال کی وجہ سے اہم تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں۔ نہ صرف کیٹلاگ سازی آسان تر ہو گئی ہے بلکہ اس کے ذریعے مواد تک رسائی تیز تر ہو گئی ہے۔

☆کمپیوٹر کے ذریعے تمام انتظامی و فنی امور تیزی سے انجام پاتے ہیں۔

☆کم وقت میں زیادہ معلومات حاصل ہو جاتی ہے۔

☆آن لائن کیٹلاگنگ کے ذریعے پوری دنیا سے مواد کا حصول ممکن ہے۔



www.dawateislami.net

بہر حال ہم نے اپنی لائبریری میں جدید طریقے سے ایسی کیٹلاگ سازی کی ہے جس سے کتاب کا مقام اور کتاب سے متعلق ضروری معلومات مثلاً کتاب کا نام، مصنف، مصنف کا متوفیٰ، مکتبہ، ناشر، سن اشاعت، موضوع، جلدوں کی تعداد نسخوں کی تعداد وغیرہ ایک نظر میں معلوم ہو جاتی ہے۔ ہماری لائبریری میں ابتداءً کیٹلاگ سازی صرف رجسٹرڈ پر ہوتی رہی پھر کمپوٹر کی سہولت میسر ہونے کی صورت میں ان پیج In page پر فہرست بنائی گئی وقتاً فوقتاً ان پیج کے اپڈیٹ ورجن استعمال ہوتے رہے پھر Microsoft Word پر فہرست کو اپڈیٹ کیا گیا۔ اب بہت ساری سہولیات کو پیش نظر رکھتے ہوئے 2021ء میں ہم نے اپنی لائبریری کی فہرست کو Microsoft Excel پر ٹرانسفر کر لیا ہے جس میں سرچ آپشن فاسٹ ہونے کے ساتھ ساتھ فلٹر کی سہولت بھی موجود ہے یعنی کسی ایک موضوع کو سرچ کرنے پر مطلوبہ موضوع کی کتب آپ کے سامنے آجائیں گی ایسے ہی کسی ایک مصنف کا نام فلٹر کرنے پر اس کی ساری کتب ایک ساتھ سامنے آجائیں گی کسی ایک مکتبے کا نام فلٹر کرنے پر اس مکتبے کی ساری کتب سامنے آجائیں گی یعنی آپ کی مطلوبہ معلومات کے علاوہ باقی ساری فہرست منظر عام سے غائب ہو جائے گی جیسے ہی آپ فلٹر ختم کریں گے تو ساری فہرست دوبارہ سے سامنے آجائے گی جبکہ Microsoft Word میں ایک موضوع کی اگر دس کتب الگ نمبر پر ہوں تو آپ کو دس مرتبہ انٹر کا بٹن دبانا پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ بھی Microsoft Excel میں بہت اچھے اچھے آپشن موجود ہیں جن کو استعمال کرنے سے اپنے قیمتی وقت کو بچایا جا سکتا ہے۔

## لائبریری میں کتب کے اضافے کا اہتمام

کتب خانہ، لائبریری کو نامیاتی ادارہ (Growing organism) کہا جاتا ہے اس



www.dawateislami.net

لیے کہ کتب خانہ وقت کے ساتھ ساتھ مسلسل بڑھتا رہتا ہے اسلامک ریسرچ سینٹر المدینۃ العلمیۃ میں قائم لائبریری کے لیے ایک بجٹ مخصوص ہے جس سے ہر مہینے کچھ نہ کچھ کتب منگوائی جاتی ہیں کتب کی ضرورت کے پیش نظر بعض اوقات بجٹ سے زیادہ بھی اخراجات ہو جاتے ہیں بہر حال تقریباً سال کے ہر مہینے لائبریری میں کتب کا اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

## کتب کے اضافے میں نگرانِ علمیہ کا کردار

جیسا کہ میں شروع میں عرض کر چکا ہوں کہ کتاب دوست معاشرے میں اپنا الگ مقام رکھتے ہیں، اپنے حلقے میں ہر دل عزیز ہوتے ہیں آج بھی جو افراد اپنا رشتہ مطالعے سے بنائے ہوئے ہیں۔ وہ معاشرے میں نمایاں اہمیت کے حامل دکھائی دیتے ہیں، اور جو شخص مطالعے کا جتنا زیادہ ذوق رکھتا ہے وہ کتب کے حوالے سے اُتنی ہی زیادہ معلومات رکھتا ہے اگر میں اپنے ذاتی مشاہدے کی بات کروں تو میں نے اپنے جاننے والوں میں نگرانِ علمیہ، رکنِ مرکزی مجلسِ شوریٰ مبلغِ دعوت اسلامی مولانا ابوماجد حاجی محمد شاہد عطاری مدنی سے زیادہ کسی کو مطالعہ کرتے نہیں دیکھا جو میرا ذاتی مشاہدہ رہا۔ آپ سفر و حضر میں مطالعے کا بڑا اہتمام فرماتے ہیں، آپ مختلف شہروں میں جب جدول (دورے) پر جاتے ہیں تو آپ کی مختلف علمی شخصیات سے ملاقاتیں بھی ہوتی ہیں آپ کے ذوقِ مطالعہ کے پیش نظر آپ کو کتب بھی تحفے میں پیش کی جاتی ہیں اور آپ تحفے میں ملنے والی کتب کو ادارے کے کتب خانے میں رکھنے کے لیے مجھے عطا فرمادیتے ہیں یہاں تک کہ آپ نے اپنی ذاتی کتب جو کہ مطالعے کے لیے خریدی ہوئی تھیں یا تحفے میں ملی تھیں گھر سے اُٹھوا کر اسلامک ریسرچ سینٹر میں قائم لائبریری میں رکھوا دیں۔ جب آپ دورے پر جاتے ہیں اور اس دوران آپ کو کسی بھی نئی کتاب کا علم ہوتا ہے تو آپ اس کی تصویر یا وائس میسج بھیج کر آگاہ فرماتے

ہیں، اس کے علاوہ پاک و ہند اور بیرون ملک کے ذمہ داران سے آپ کے روابط کے ذریعے سے لائبریری میں کتب کا اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

آپ کے علمی ذوق کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بہت سارے لوگ آپ کو وقتاً فوقتاً کتب تحفے کے طور پر ارسال کرتے رہتے ہیں اور آپ ان کتب کو بھی لائبریری کی زینت بنا دیتے ہیں آپ لائبریری میں کتب کے اضافے کا بڑا جذبہ رکھتے ہیں۔

آپ مختلف مجلات، ماہناموں میں شائع ہونے والے کتب کے تبصرے بھی پڑھتے ہیں اور کتب کے حوالے سے مفید معلومات سے آگاہ بھی فرماتے ہیں اور جو کتب لائبریری کے لیے مفید ہوں ان کو منگوانے کے حوالے سے بھی فرماتے ہیں جس وجہ سے ہماری لائبریری میں کتب کا خاصہ اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ اَلحمدُ لِلّٰہ

## نئی کتب منگوانے کے مراحل اور مشاورتی مجلس

کسی بھی کتب خانہ کی ترقی اور اس کی خدمات کو بہتر بنانے میں معاون لائبریری مشاورتی مجلس ہوتی ہے۔ ہماری لائبریری کے لئے بھی ایک مشاورتی مجلس قائم ہے جس کی ذمہ داری راقم الحروف (تصور رضا عطاری مدنی) کے پاس ہے جبکہ مولانا حافظ محمد عدنان ذوالقرنین احمد خان چشتی مدنی اور مولانا ناصر جمال عطاری مدنی اس مشاورتی مجلس کے اراکین ہیں۔ یہ مجلس لائبریری میں موجود ہزاروں قیمتی کتابوں، مخطوطہ جات اور ماہناموں کی حفاظت وریکارڈ، نئی کتب کی خریداری وغیرہ جیسے اہم امور انجام دیتی ہے۔ لائبریری میں ملکی و بین الاقوامی اشاعتی اداروں کی (14000) کتب موجود ہیں اور ضرورت کے مطابق ماہانہ کی بنیاد پر نئی کتابیں منگوانے کا سلسلہ بھی رہتا ہے اسلامک ریسرچ سینٹر کے 23 ذیلی شعبہ جات میں سے اگر کسی شعبے کو کام سے متعلق مواد میں اضافے کے لیے اگر کوئی



www.dawateislami.net

ایسی کتاب درکار ہو جو ہماری لائبریری میں موجود نہ ہو تو متعلقہ شعبہ اس کتاب کی ضرورت واہمیت کو واضح کرتے ہوئے اس مشاورتی مجلس کو درخواست لکھ کر دیتا ہے پھر یہ مشاورتی مجلس اس پر غور و فکر کرتی ہے اور مندرجہ ذیل چیزوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کتاب کو حاصل کرتی ہے مثلاً کسی بھی کتاب کے انتخاب کے وقت مصنف، کتاب کی ظاہری ساخت، حوالہ جات کے ساتھ ساتھ اس کتاب کی افادیت کو مد نظر رکھا جاتا ہے کتاب کے مصنف، ناشر کے حوالے سے غور و فکر کیا جاتا ہے کہ اس مصنف کی کتاب یا اس ناشر کی کتاب ہمارے ہاں حوالے کے لیے مستند ثابت ہو گی یا نہیں وغیرہ وغیرہ مزید لائبریری میں کتب کے اضافے کے حوالے سے انتخاب کتب میں معاون ذرائع سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے مثلاً مختلف مکتبوں سے رابطے کیے جاتے ہیں اور مزید ناشر کیٹلاگ، اخبارات ومجلات میں تبصرہ کتب اور رسالوں میں اشتہارات کتب خانوں کی مطبوعہ فہرستیں دیکھنے کے ساتھ ساتھ ذوق مطالعہ رکھنے والے ادارے کے علمائے کرام و نگران علمیہ سے معلومات لی جاتی ہے یوں بعض اوقات محققین کے مطالبے کے بغیر بھی مفید کتب کی معلومات ملنے پر کتب لائبریری کے لیے خریدی جاتی ہیں۔

## لائبریری میں کتب کی انٹری کے مراحل

لائبریری میں جب نئی کتاب کا اضافہ ہوتا ہے تو اس کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے مثلا کتاب کی بائنڈنگ، جلد بندی چیک کی جاتی ہے کتاب کے صفحات کی چیکنگ اس طرح کی جاتی ہے کہ صفحات کی ترتیب درست ہو کسی صفحے پر مواد مِٹا ہوا، صفحات کی ڈبلنگ اور صفحات غائب نہ ہوں یہ جانچ پڑتال اس لیے ضروری ہے کہ بعض اوقات مطلوبہ مواد والا صفحہ غائب ہوتا ہے یا مس پرنٹنگ ہوتی ہے بعض اوقات دوسری طرف والے صفحے کے



www.dawateislami.net

مواد کا عکس اس حد تک نظر آرہا ہوتا ہے کہ الفاظ سمجھ نہیں آتے لہذا ایسا کوئی بھی مسئلہ ہونے کی صورت میں کتاب مکتبے کو واپس کر کے تبدیل کروائی جاتی ہے کتاب ہر لحاظ سے درست ہونے کی صورت میں لائبریری کی مہر لگا کر اس کی فہرست میں انٹری کی جاتی ہے۔

## لائبریری میں نئی آنے والی کتب سے آگاہی

کتب خانے کا بنیادی اور اہم فرض اطلاعات کی اشاعت اور قارئین کو ان کے اپنے موضوع اور اس سے تعلق رکھنے والے دوسرے موضوعات کے بارے میں تازہ ترین اطلاعات فراہم کرنا ہوتا ہے اس خدمت کو کتب خانے کی اصطلاح میں حوالہ جاتی خدمات یا قارئین کی معاونت کہتے ہیں کتب خانہ چھوٹا ہو یا بڑا اس میں مہیا کی جانے والی سب سے اہم خدمت یہی ہوتی ہے اس سے کتب خانے کے وسائل کے استعمال میں بڑی مدد ملتی ہے۔ قاری اور اس کی مطلوبہ دستاویز میں رابطہ قائم ہوتا ہے ہماری لائبریری میں کوشش کی جاتی ہے کہ مطلوبہ مواد کے حوالے سے قاری کی ممکنہ معاونت کی جائے اور ادارے کے محققین و قارئین کو لائبریری میں کتب کے اضافے کے حوالے سے اپڈیٹ رکھنے کے لیے ہر مہینے نئے آنے والی کتب کی فہرست لائبریری کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کی جاتی ہے جس میں کتاب سے متعلق ضروری معلومات مثلاً کتاب کا نام، مصنف، مکتبہ، سن اشاعت، موضوع جلدیں وغیرہ ایک نظر میں دیکھی جاسکتی ہے جو کہ قارئین کی معلومات میں اضافے کا سبب بنتی ہے اور ریسرچ اسکالرز کو نئے کتب سے آگاہی بھی ہوتی ہے۔

## کثرت استعمال کی وجہ سے ڈیجیٹل لائبریری کا قیام

ڈاکٹر عبد القدیر خان لکھتے ہیں کہ لائبریری کی حقیقت کسی بھی تحقیقی ادارے میں بالکل اسی طرح ہے جس طرح جسم میں دماغ کی ہے۔ تحقیق کا آغاز کتب خانہ سے ہوتا ہے



www.dawateislami.net

اور یہاں سے جدید اور قدیم معلومات حاصل ہوتی ہیں اس کے علاوہ تحقیق کے تمام مراحل میں کتب خانے سے معاونت اور رہنمائی ملتی ہے فیضانِ مدینہ کراچی میں قائم اسلامک ریسرچ سینٹر المدینۃ العلمیۃ وطن عزیز کے تحقیقی اداروں میں اپنی مثال آپ ہے جہاں تحقیقی کام اتنی باریک بینی سے ہوتا ہے کہ کسی بھی کتاب کا موضوع منتخب ہونے سے لے کر طبع ہونے تک تقریباً 18 مراحل سے گزرتا ہے اس تحقیقی کام میں تخریج کا بڑا اہتمام کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے کتب کا استعمال بہت زیادہ ہے بعض اوقات ایک کتاب کے دو یا تین نسخے بھی ہوتے ہیں اس کے باوجود ایک وقت میں وہی کتاب مختلف محققین کو درکار ہوتی ہے کیونکہ ہمارا اسلامک ریسرچ سینٹر 135 علماء پر مشتمل ہے لہذا ضرورت کے پیش نظر ہمارے ہاں ایک ڈیجیٹل لائبریری کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جو کہ PDF Book Library کے نام سے ہے اس سافٹ ویئر میں کتب کا ذخیرہ اکٹھا کرنے کے لیے تقریباً سوا لاکھ سے زیادہ قیمت پر مشتمل ایک اسکینر خریدا گیا جس سے لائبریری میں زیادہ استعمال ہونے والی کتب کو اسکین کر کے ڈیجیٹل لائبریری میں ایڈ کیا جاتا ہے۔

کوئی بھی کتاب اسکین کرنے سے پہلے نیٹ اور دیگر ذرائع سے چیک کی جاتی ہے اگر اس کتاب کی PDF پہلے سے موجود ہو جو کہ ہماری لائبریری میں بطورِ حوالہ استعمال ہونے والے نسخے کے مطابق ہو تو اس کو حاصل کر کے سافٹ ویئر ڈیجیٹل لائبریری میں ایڈ کر دیا جاتا ہے بصورت دیگر اسیکن کر لی جاتی ہے اس سافٹ ویئر ڈیجیٹل لائبریری میں موضوع، مصنف، کتاب کے نام کو سرچ کرنے کا آپشن موجود ہے مطلوبہ کتاب کو سرچ کر کے اوپن کرنے کے بعد مطلوبہ صفحہ سرچ کیا جا سکتا ہے جس سے محققین اپنا قیمتی وقت بچا سکتے ہیں یہ PDF Book Library تمام محققین کے سسٹم میں موجود ہے۔



www.dawateislami.net

# اعزازی کتب ورسائل وجرائد کا حصول

عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی کے شعبہ اسلامک ریسرچ سینٹر میں قائم لائبریری کے لیے وقتاً فوقتاً کتب ورسائل تحفۃً وصول ہوتے رہتے ہیں۔ مصنفین، محققین کی ایک ایسی تعداد بھی ہے جو اپنے لیے یہ اعزاز سمجھتے ہیں کہ ان کی کتب اس لائبریری کی زینت بنے اس لیے وہ وقتاً فوقتاً اپنی کتب ورسائل تحفے کے طور پر ارسال فرماتے رہتے ہیں کتب وصول ہونے کی صورت میں کال کرکے وصولی کی اطلاع اور اظہارِ تشکر کیا جاتا ہے اس طرح بہت سارے ماہناموں کے مدیر بھی ہماری اس لائبریری کے لیے اعزازی طور پر ماہنامے ارسال کرتے ہیں۔ پاک وہند سے مختلف اعزازی طور پر آنے والے ماہناموں کی تعداد 40 سے زائد ہے جن میں سے چند ماہناموں کے نام درج ذیل ہیں۔

ماہنامہ معارفِ رضا کراچی، جہانِ رضا لاہور، ماہنامہ نورالحبیب، سوئے حجاز، کاروان قمر، انوار الفرید، تبیان الاسلام، ماہنامہ الحقیقیہ، رضائے مصطفٰی، ضیائے حرم، ماہنامہ اہلسنت گجرات، ماہنامہ آواز حق، ماہنامہ الاشرف، ماہنامہ السعید، ماہنامہ فیض عالم، مجلہ ضیائے مصطفٰی، کنزالایمان دہلی ہند، جام نور دہلی ہند، ماہنامہ اشرفیہ مبارکپور ہند، ماہنامہ اعلی حضرت بریلی شریف ہند، مخزن علم کراچی، ماہنامہ البقیع جمعیت اشاعت اہلسنت کراچی، ماہنامہ مصلح الدین کراچی۔

ہماری اس لائبریری میں بعض پبلشرز بھی کتب تحفے کے طور پر ارسال کرتے ہیں اس سے بھیجنے والوں کو ایک فائدہ یہ بھی ہوتا ہے کہ ان کی کتب کی تشہیر بھی ہوجاتی ہے کیونکہ ہماری لائبریری میں آنے والی نئی کتب کی تفصیل نوٹس بورڈ پر لگائی جاتی ہے اور لائبریری سے استفادہ کرنے والے جب کتاب کو ایک نظر دیکھتے ہیں تو پسند آنے کی صورت میں اپنی کتاب بھی خرید لیتے ہیں۔



www.dawateislami.net

## کتب کی صفائی و حفاظت کا اہتمام

کتاب کی حفاظت کے لیے بنیادی ضرورت جلد بندی ہے جو کہ کتاب کی محافظ اور لباس کا کام انجام دیتی ہے اور پلاسٹک کوٹنگ بھی کتاب کی افادیت میں یوں اضافہ کرتی ہے کہ بعض اوقات کثرت استعمال کی وجہ سے کتب کے ٹائٹل پر درج معلومات مٹ جاتی ہے جس سے کتاب کا نام اور جلد وغیرہ پہچاننے میں پریشانی ہوتی ہے ہماری لائبریری میں کتب کا استعمال چونکہ بہت زیادہ ہے اس لیے کتب کی بائنڈنگ اور پلاسٹک کوٹنگ کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے جب کوئی ایسی کتاب نظر آتی ہے جس کی بائنڈنگ خراب ہو اس کو نوٹ کر لیا جاتا ہے پھر کچھ کتب جمع ہونے کی صورت میں پروفیشنل بائنڈر کو بلوا کر کتب کی بائنڈگ کروائی جاتی ہے اس کے علاوہ کتب کی صفائی کا خیال رکھا جاتا ہے ادارے کے خادمین وقتاً فوقتاً صفائی کرتے رہتے ہیں اور بالخصوص رمضان المبارک میں پوری لائبریری کی ایک ایک کتاب کو نکال کر اور ساتھ میں ریک بھی نکال کر صفائی کی جاتی ہے۔

## ترتیب کی درستی

بعض قارئین جب لائبریری میں مطالعہ کرتے ہیں تو کتب کے استعمال کے بعد کتاب کو اس کی جگہ رکھنے کی بجائے کسی دوسری جگہ رکھ دیتے ہیں اس کو وقتاً فوقتاً چیک کیا جاتا ہے اور کتابوں کو ترتیب کے مطابق رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے بعض اوقات کتب کا نمبر کسی ایسے مقام پر بھی ہوتا ہے جس تک قاری کا ہاتھ پہنچنا مشکل ہوتا ہے ایسی صورت میں کسی کتاب کے زیادہ استعمال کی وجہ سے کتاب کی جگہ تبدیل کر کے قریب رکھا جاتا ہے اور بعض اوقات کتاب کی جلدیں آگے پیچھے ہونے کی وجہ سے بھی ترتیب خراب ہوتی ہے تو وقتاً فوقتاً اس کی ترتیب بھی درست کی جاتی ہے کیونکہ کہ بعض اوقات کتاب پڑھنے والے جہاں

خالی جگہ نظر آتی ہے کتاب کور کھ دیتے ہیں جس سے کتاب اصل مقام پر نہ ملنے کی وجہ سے تلاش کرنے میں پریشانی ہوتی ہے اس لیے ترتیب کو وقتاً فوقتاً چیک کیا جاتا ہے۔

## لائبریری کی ٹائمنگ

اسلامک ریسرچ سینٹر المدینۃ العلمیۃ میں قائم لائبریری تقریباً صبح 7:00 بجے کھل جاتی ہے، صفائی وغیرہ کے بعد تقریباً ساڑھے سات بجے سے ریسرچ اسکالرز لائبریری سے استفادہ شروع کر دیتے ہیں اور شام 6 بجے تک لائبریری کا وقت ہے اس کے بعد کتب کو واپس الماریوں میں رکھنا شروع کر دیا جاتا ہے۔

## لائبریری سے استفادہ کرنے والے شعبہ جات

الحمدللہ عزوجل اسلامک ریسرچ سینٹر المدینۃ العلمیۃ کی لائبریری سے علمیہ کے علمائے کرام کے علاوہ دارالافتاء اہلسنت کے مفتیان کرام، جامعۃ المدینہ کے اساتذہ، مدنی چینل کے مبلغین و مفتشین، مجلس آئی ٹی میں علمی و تحقیقی کام کرنے والے علمائے کرام، مجلس تراجم ٹرانسلیشن ڈیپارٹ (جو کہ 40 سے زائد زبانوں میں ٹرانسلیشن کا کام کررہاہے)، کورسز کروانے والے معلمین، دارالمدینہ شعبہ نصاب کے علمائے کرام، اور دیگر شعبہ جات کے اسلامی بھائی بھی استفادہ کرتے ہیں۔ المدینۃ العلمیۃ کی لائبریری میں دیگر ریسرچ اسکالرز اور جامعۃ المدینۃ کے طلبہ کے لیے دو گھنٹے (PM4:00 تا PM6:00) وقت مقرر ہے اس وقت میں جامعۃ المدینۃ کے طلبہ اپنے اسباق سے متعلق شروحات اور دیگر کتب کا مطالعہ کرتے ہیں اور الحمدللہ ہر سال جامعۃ المدینۃ اور دیگر عاشقان رسول کے جامعات و مدارس کے طلبہ المدینۃ العلمیۃ کی لائبریری سے استفادہ کر کے مقالہ جات بھی لکھتے ہیں۔

ایک اندازے کے مطابق اسلامک ریسرچ سینٹر میں قائم اس لائبریری سے سالانہ



www.dawateislami.net

ڈیڑھ سو سے زائد مقالہ جات اور 200 سے زائد کتب ورسائل اور سینکڑوں مضامین لکھے جاتے ہیں۔ مدنی چینل پر مختلف سلسلوں میں بیان ہونے والے مواد کے لیے، ہفتہ وار اجتماع کے بیانات اورجمعۃ المبارک کے بیانات سمیت مختلف اسلامی ایونٹ کے موقع پر بیانات کرنے کے لیے بھی اس لائبریری سے خوب استفادہ کیا جاتا ہے۔

## لائبریری سے استفادہ کرکے لکھی جانے والی کتب ورسائل کے صفحات کی تعداد

اسلامک ریسرچ سینٹر المدینۃ العلمیۃ کی لائبریری سے 135 علمائے کرام استفادہ کرکے مختلف موضوعات پر کتب ورسائل لکھتے ہیں اس کے علاوہ ماہنامہ فیضان مدینہ اورماہنامہ خواتین (دعوتِ اسلامی) کے مضامین بھی لکھے جاتے ہیں اور طلبائے کرام مختلف موضوعات پر مقالے لکھتے ہیں اور دعوت اسلامی کی نیوز ویب سائٹ (دعوت اسلامی کے شب وروز) کے لیے بھی اس لائبریری سے استفادہ کرکے مضامین لکھے جاتے ہیں۔ اس حوالے سے 2021ء میں ہماری لائبریری سے استفادہ کرکے جو اسلامک لٹریچر لکھا گیا اور ہمارے ریکارڈ میں آسکا، اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

اسلامک ریسرچ سینٹر المدینۃ العلمیۃ کے 2021ء میں کل **258** کتب ورسائل فائنل ہوئے جن کے کل صفحات **23ہزار210** ہیں۔

2021ء میں لکھے جانے والے کتب ورسائل کے کل صفحات: **23ہزار210**

2021ء میں لکھے جانے والے ماہنامہ فیضان مدینہ کے کل صفحات: **780**

2021ء میں لکھے جانے والے ماہنامہ خواتین کے 2 شماروں (نومبر، دسمبر) کے کل صفحات: **80**

2021ء میں لکھے جانے والے مقالوں کے کل صفحات تقریباً: **7000**

2021ء میں لکھے جانے والے دعوت اسلامی کے شب وروز نیوز ویب سائٹ کے مضامین



www.dawateislami.net

کے کل صفحات تقریباً:1200

2021ء میں ہماری لائبریری سے لکھے جانے والے اسلامک لٹریچر کے کل صفحات تقریباً:32ہزار310

اسلامک ریسرچ سینٹر المدینۃ العلمیۃ فیضان مدینہ کراچی میں قائم لائبریری سے ریسرچ اسکالرز نے مواد لکھنے کے حوالے سے جو استفادہ کیا اس میں اگر صفحات کی بات کی جائے تو مندرجہ بالا تفصیل کے مطابق آپ یہ کہہ سکتے ہیں کے ہماری لائبریری سے سالانہ کم زکم 30 ہزار صفحات سے بھی زیادہ اسلامک لٹریچر لکھا جاتا ہے یہ وہ صفحات ہیں جو ہمارے ریکارڈ میں آسکے اور یہ سارا حساب لگانے میں کم از کم کا اعتبار کیا گیا ہے جو ہمارے ریکارڈ میں نہ آسکا وہ اس کے علاوہ ہے۔

## علما و مشائخ اور شخصیات کا وزٹ

عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کراچی کے شعبہ اسلامک ریسرچ سینٹر میں قائم لائبریری کا وزٹ بھی کیا جاتا ہے اندرون ملک اور بیرون ملک سے تشریف لائے ہوئے علمائے کرام اس لائبریری کا وزٹ کرتے رہتے ہیں اور نظام کو دیکھ کر اچھے اچھے تاثرات دینے کے ساتھ اپنی تجاویز بھی عنایت فرماتے ہیں ہماری لائبریری کا کئی شخصیات اور علمائے کرام وزٹ کرتے ہیں: اب تک وزٹ کرنے والے چند مشہور علما و مشائخ اور شخصیات کے نام درج ذیل ہیں:

فضیلۃ الشیخ علامہ ڈاکٹر رضوان مدنی صاحب، مدینۃ المنورۃ(قطب مدینہ سیدی ضیاء الدین مدنی کے پوتے)، الشیخ عبد العزیز الخطیب الحسنی صاحب (شام)، شیخ فواز النمر صاحب(امام ومدرس جامع مسجد دمشق، شام) الشیخ الدکتور السید حسن سائد بادنجکی الحسینی صاحب(پروفیسر



www.dawateislami.net

حلب یونیورسٹی شہر حلب شام)، استاذ العلما مفتی محمد اسماعیل ضیائی صاحب، پروفیسر مفتی منیب الرحمن صاحب، شیخ الحدیث علامہ مولانا حافظ عبد الستار سعیدی صاحب، مولانا مفتی محمد الیاس رضوی صاحب، مولانا مفتی عبد العزیز حنفی صاحب، مولانا مفتی محمد رفیق الحسنی صاحب، مولانا کوکب نورانی اوکاڑوی صاحب، مولانا ڈاکٹر ابوالخیر محمد زبیر نقشبندی صاحب، مولانا مفتی محمد ابراہیم قادری صاحب (سکھر)، مولانا مفتی حق النبی سکندری صاحب، مولانا مفتی عبد المجید خان سعیدی صاحب، مفتی محمد سراج احمد قادری سعیدی صاحب، مفتی بشیر احمد فردوسی گولڑوی صاحب، صاحبزادہ سید ارشد سعید شاہ کاظمی صاحب، صاحبزادہ پیر سید حامد سعید شاہ کاظمی صاحب، مناظر اہلسنت مولانا کاشف اقبال مدنی صاحب، ڈاکٹر مفتی مظہر فرید شاہ صاحب، صاحبزادہ پیر خلیل الرحمن شاہ صاحب، مولانا ڈاکٹر راغب حسین نعیمی صاحب، مولانا مفتی رضاء المصطفٰی ظریف القادری صاحب، مناظر اسلام مولانا مفتی غلام مرتضٰی ساقی، مولانا قاری محمد لقمان شاہد صاحب، استاذ الاساتذہ حضرت علامہ مولانا ملک محمد بوستان صاحب، مولانا مفتی فضل منان قادری صاحب، علامہ مولانا مفتی فضل الرحمن بندیالوی صاحب، جاوید چوہدری، اوریا مقبول جان، یہ میں نے چند مشاہیر اور صحافی حضرات کا ذکر کیا ہے، بہت سارے نام ایسے ہیں جن کو تحریر کیا جا سکتا ہے لیکن طوالت سے بچنے کے لیے اسی پر اکتفاء کیا جا رہا ہے۔

## لائبریری کی جدید تعمیر

اسلامک ریسرچ سینٹر المدینۃ العلمیۃ کی لائبریری کی 2020ء میں جدید انداز میں تعمیر نو کی گئی جس میں جدید فرنیچر، خوبصورت ٹائلز کے ساتھ ساتھ فار سیلنگ بھی کی گئی ہے۔

جدید تعمیر میں ہونے والے اخراجات کی تفصیل درج ذیل ہے۔



www.dawateislami.net

عمارت کی تعمیر، ماربل و ٹائلز، فار سیلنگ، الیکٹرک کا کام، اے سی، کتب کی الماریاں فرنیچر وغیرہ اور دیگر Maintenance کے کاموں میں **دس لاکھ (1000000)** سے زائد اخراجات ہوئے ہیں مطالعہ کرنے والوں کے لیے ٹھنڈے پانی کی سہولت dispenser کی صورت میں میسر کی گئی ہے۔

## المدینہ لائبریری اور فیضان مدینہ کراچی کی دیگر لائبریریاں

ہمارے معاشرے میں رسمی تعلیم کے حصول کے ساتھ کتب خانوں نے علم کی ترقی و ترویج میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، یہ افراد میں تخلیقی اور تعمیری صلاحیت پیدا کرنے اور دانشورانہ اوصاف کو پروان چڑھانے کا سامان مہیا کرتے ہیں عوامی کتب خانوں کا کام قوم، ملت میں جذبہ عملی کے ساتھ ساتھ شہری شعور بھی پیدا کرنا ہوتا ہے، اعلیٰ معیار پر قائم شدہ کتب خانے معاشرے کے افراد کی ذہنی اور روحانی صحت کے ضامن ہوتے ہیں اور طلبِ علم میں سچی لگن پیدا کرتے ہیں قوم کا شعور اور ادراک تعلیمی اداروں کا مرہونِ منت ہے اور تعلیمی اداروں کا دل کتب خانے ہوتے ہیں جہاں سے علم و فن معاشرے کی رگوں میں خون کی طرح سپلائی ہوتا ہے، ایک طالبِ علم خواہ کتنا ہی ذہین کیوں نہ ہو اس وقت تک اپنے علم میں جامعیت اور پختگی پیدا نہیں کر سکتا جب تک کتابوں میں موجود افکار و خیالات اور تجربات سے استفادہ نہ کرے، کتب خانوں کے ذریعے ہی نصاب کی مؤثر انداز میں تکمیل ممکن ہے، کیونکہ نصاب کی حدود سے علیحدہ بھی علم کا حصول بہت اہمیت رکھتا ہے لہذا اسی اہمیت کے پیش نظر شیخ طریقت امیر اہلسنت بانیٔ دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ نے دعوتِ اسلامی میں المدینہ لائبریری کے نام سے ایک شعبہ قائم کیا جو کہ عوام کی سہولت کے لیے ایک پبلک لائبریری ہے اس لائبریری



www.dawateislami.net

میں مطالعہ کرنے کے ساتھ ساتھ ممبر شپ کارڈ کے ذریعے کتب لے جانے کی سہولت بھی ہے۔اس کا مقصد یہ ہے کہ جو افراد مطالعے کا ذوق رکھتے ہیں لیکن کتب خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے وہ استفادہ کر سکیں۔ دعوت اسلامی کے شعبہ المدینہ لائبریری کا ہدف ہے کہ دعوت اسلامی کے مراکز فیضان مدینہ کے ساتھ ملحق المدینہ لائبریری ہو جو پاکستان کے کئی بڑے شہروں میں قائم ہو چکی ہیں۔سب سے پہلے یہ لائبریری فیضان مدینہ کراچی میں قائم ہوئی جس کا افتتاح امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ نے کیا۔

اسلامک انسٹیٹیوٹ فیضان مدینہ کراچی میں مختلف علمی شعبہ جات ہیں، مدنی مرکز نے ہر شعبے کو ضرورت کے مطابق کتب لائبریری کی سہولت مہیا کی ہوئی ہے۔اسلامک ریسرچ سینٹر المدینۃ العلمیۃ کی لائبریری کا تفصیلی تعارف پہلے گزر چکا اس کے علاوہ دارالافتاء اہلسنت میں شعبے کے ضرورت کے مطابق لائبریری موجود ہے، جامعۃ المدینہ میں تخصص فی الفقہ، تخصص فی الحدیث، تخصص فی الاقتصادیات کرنے والے طلبہ کے لیے الگ سے لائبریری قائم ہے، اسی طرح مرکزی جامعۃ المدینہ میں دورہ حدیث کرنے والے طلبہ کی تعداد سینکڑوں میں ہوتی ہے تو ان کی ضرورت پوری کرنے کے لیے دارالحدیث کی الگ سے لائبریری بنائی گئی ہے یوں اگر ان سب لائبریریوں کے یکجا کیا جائے تو عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کراچی میں ایک بہت بڑی لائبریری بن کر سامنے آئے گی۔

## لائبریری میں کتب کے اضافے کا پانچ سالہ ریکارڈ درج ذیل ہے

| 2018ء میں آنے والی کتب کی تعداد | 2019ء میں آنے والی کتب کی تعداد | 2020 میں آنے والی کتب کی تعداد | 2021ء میں آنے والی کتب کی تعداد | 2022ء میں آنے والی کی کتب کی تعداد |
|---|---|---|---|---|
| 211 | 430 | 192 | 458 | 473 |




www.dawateislami.net

## نیک نمازی بننے کے لیے

ہر جُمعرات بعد نمازِ مغرِب آپ کے یہاں ہونے والے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع میں رِضائے الٰہی کے لیے اچّھی اچّھی نیّتوں کے ساتھ ساری رات شرکت فرمایئے ❁ سُنّتیں سیکھنے سکھانے کے لیے عاشِقانِ رسول کے ساتھ ہر ماہ کم از کم تین دن مَدَنی قافلے میں سَفَر کیجیے ❁ روزانہ اپنے اَعمال کا جائزہ لے کر "**نیک اَعمال**" کا رِسالہ پُر کر کے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو اپنے یہاں کے شعبۂ اِصلاحِ اَعمال کے ذِمّے دار کو جمع کروانے کا معمول بنالیجیے۔

**میرا مَدَنی مَقْصد: "مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔"**

اِنْ شَآءَاللهُ الْکریم۔ اپنی اِصلاح کے لیے رسالہ: نیک اَعمال کے مُطابِق عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کے لیے سُنّتیں سیکھنے سکھانے کے "**مَدَنی قافلوں**" میں سَفَر کرنا ہے، اِنْ شَآءَاللهُ الْکریم۔




For More Updates
news.dawateislami.net

فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)
UAN: +92 21 111 25 26 92 Ext: 2650
Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net